# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: منتخب فقہی تفاسیر کا تعارف(2959)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس(علوم اسلامیہ)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ:1 تا 4)

سوال نمبر 1۔ احکام القرآن طحاویؒ کی روشنی میں وضوء کے مسائل واحکام پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر 2۔ امام ابو بکر جصاصؒ کے حالات زندگی تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 3۔ احکام القرآن جصاصؒ کی روشنی میں نماز کے اوقات سے متعلق مسائل واحکام قلمبند کریں۔ 20

سوال نمبر 4۔ امام ابن العربیؒ کے حالاتِ زندگی تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 5۔ تفسیر مدارک التنزیل کی روشنی میں رضاعت اور ممنوعہ رشتوں سے نکاح نہ کرنے کے احکام پر نوٹ لکھیں۔ 20

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ:5 تا 9)

سوال نمبر 1۔ احکام القرآن (تھانویؒ) کا منہج واسلوب بیان کریں۔ 20

سوال نمبر 2۔ مفتی محمد شفیعؒ کے حالات زندگی اور معارف القرآن کی خصوصیات تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر 3۔ تبیان القرآن از علامہ سعیدیؒ کی خصوصیات قلمبند کریں۔ 20

سوال نمبر 4۔ قرض کے لئے اقرار نامہ لکھنے اور اس میں گواہی سے متعلق مسائل واحکام پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر 5۔ تبیان القرآن کی روشنی میں والدین اور رشتہ داروں کے حقوق پر نوٹ لکھیں۔ 20